Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے — کل نمبر =80

## حصہ اوّل

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+8

بلائیں شاخِ گُل کی لیں نسیمِ صُبح گاہی نے
ہوئیں کلیاں شگفتہ روئے رنگینِ بُتاں ہو کر
کیا پھولوں نے شبنم سے وُضو صحنِ گلستاں میں
صدائے نغمۂ بُلبل اُٹھی بانگِ اذاں ہو کر

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+(3x3)

(i) کیا فرق داغ و گُل میں کہ جس گُل میں بُو نہ ہو
کس کام کا وہ دِل ہے جس دِل میں تُو نہ ہو

(ii) ہووے نہ حول و قوت اگر تیری درمیاں
جو ہم سے ہو سکے ہے، سو ہم سے کُبھو نہ ہو

(iii) جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا، ملی مگر
یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

## حصہ دوم

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+3+10

(الف) ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا، جب سالار کی شہادت سے بددل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے، ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں۔ لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھُل مِل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔ وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے، دولت مند نہ تھے، کچھ بہت زیادہ ذہین بھی نہ تھے نہ انھیں توڑ جوڑ آتا تھا۔ نہ خوش پوشاک، نہ خوش گفتار، نہ خوش باش، نہ رنگین و رعنا، وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+9

(i). مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii). دستک

5. سید ضمیر جعفری کی نظم ''آدمی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیے۔ 20

i). تعلیم ۔۔۔ ضرورت و اہمیت ii). میرا پسندیدہ شاعر iii). ہمارے اہم قومی مسائل

7. چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں پڑھائی کے ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کی گئی ہو۔ 10